# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 09 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ میں ریاست کے 204 امیدوار، ہنگولی 33، ناندیڑ 23 جبکہ پربھنی میں 34 امیدوار انتخابی میدان میں۔

☆ وزیر اعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ کا سیاسی طور پر استعمال معاملہ میں افسران کو وجہ بتاؤ نوٹس۔

☆ قریبی رشتہ داروں اور اوبی سی میں سے ریزرویشن دینے کا مطالبہ منوج جرانگے پاٹل نے دہرایا۔

☆ آج گڑی پاڑوا کے موقع پر بازاروں میں ہجوم۔

اور۔۔۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

لوک سبھا الیکشن کے دوسرے مرحلہ کیلئے امیدواری پرچہ واپس لینے کی مدت کل ختم ہوگئی۔ اس مرحلہ میں ریاست کے بلڈھانہ، اکولہ، امراوتی، وردھا، ایوت محل، واشم، ہنگولی، پربھنی اور ناندیڑ یہ آٹھ پارلیمانی حلقے شامل ہیں۔ ان تمام حلقوں کی تصویر اب صاف ہوچکی ہے۔ اور ان تمام نشستوں میں مجملہ 204 امیدوار میدان میں ہیں۔ ریاست کے چیف الیکشن کمشنر و پرنسپل سیکریٹری ایس چوک لنگم نے یہ اطلاع دی ہے۔ وہ کل منترالیہ میں صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ ان تمام حلقوں میں 26 اپریل کو رائے دہی ہوگی۔ ناندیڑ میں 66 اہل امیدواروں میں سے تقریباً 43 افراد کے پرچے واپس لینے سے اب 23 امیدوار میدان میں ہیں۔ پربھنی حلقے میں 41 اہل امیدواروں میں سے 7 امیدواروں کے پرچے واپس لینے کی وجہہ سے وہاں اب 34 امیدوار میدان میں ہیں۔

ہنگولی میں 48 اہل امیدواروں میں سے 15 افراد کے نام واپس لینے سے اب 33 امیدوار میدان میں ہیں۔ عظیم اتحاد کے نشستوں کی تقسیم میں ہنگولی لوک سبھا حلقہ شیوسینا کے حصہ میں آیا ہے۔ جس کی وجہہ سے بی جے پی کے 3 عہدیداروں نے بطور آزاد امیدوار عرضی داخل کی تھی۔ جس میں رامداس پاٹل اور شیام بھارتی مہاراج نے کل امیدواری عرضی واپس لے لی۔ جبکہ بی جے پی کے سابق ضلع صدر شیواجی جادھو نے اب تک واپس نہیں لی ہے۔

بلڈھانہ حلقہ میں اکیس امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ اکولہ حلقے سے پندرہ، امراوتی حلقے سے 37، وردھا حلقے میں 24 جبکہ ایوت محل، واشم حلقے میں 17 امیدوار الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی میں عظیم اتحاد کے امیدوار مہادیو جانکر کے سیٹی اس نشان پر الیکشن لڑنے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔ پرکاش امبیڈکر کے ونچت بہوجن آگھاڑی کو پریشر کوکر یہ انتخابی نشان ملا ہے۔ اس پارٹی نے گیس سیلنڈر نشان کا مطالبہ کیا تھا۔ لیکن قرعہ اندازی میں انہیں وہ نہیں ملا۔

***** ***** *****

دوسرے مرحلے کے آٹھ لوک سبھا حلقوں میں تقریباً ایک کروڑ 49 لاکھ 25 ہزار 912 ووٹرس ہیں۔ جن میں سے 18 ہزار 471 افراد بذریعہ پوسٹ اور 14 ہزار 612 افراد گھر سے ووٹ دیں گے۔ گھر سے ووٹ دینے والوں میں سے دس ہزار 672 افراد 85 برس سے زائد عمر کے سینئر سٹیزن میں اور تین ہزار 555 افراد یہ 40 فیصد سے زائد معذور ہیں۔ جبکہ 385 افراد یہ لازمی خدمات شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

***** ***** *****

ملک بھر میں انتخابی تشہیر میں تیزی آ گئی ہے اور مختلف پارٹیوں کے لیڈران ملک کے مختلف علاقوں میں تشہیری مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کل چندر پور اور گڑھ چرولی ، چیمور لوک سبھا حلقہ کیلئے چندر پور میں اجلاس سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ الیکشن مستحکم وغیر مستحکم کے درمیان ہے۔ ریاست کے وزیر جنگلات سدھیر منگنٹی وار، چندر پور لوک سبھا حلقہ سے اور موجودہ رکن پارلیمان اشوک نیتے گڑھ چرولی حلقے سے عظیم اتحاد کے امیدوار ہیں۔ وزیراعظم کل 10 تاریخ کو ناگپور میں تشہیری مہم میں حصہ لیں گے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ ورشا کا سیاسی استعمال ہونے سے متعلق افسران کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کی گئی ہے۔ اس نوٹس کا جواب ملنے کے بعد کارروائی کرنے کی اطلاع ریاست کے چیف الیکشن کمشنر ایس چوک لنگم نے دی ہے۔ اس معاملہ میں شکایت موصول ہونے پر ممبئی شہر ضلع کلکٹر نے نوٹس جاری کی ہے۔

***** ***** *****

وَنچت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ ایڈوکیٹ پرکاش امبیڈکر نے الزام عائد کیا ہے کہ پارلیمانی انتخابات کیلئے مہاوِکاس آگھاڑی کی پارٹیوں میں تال میل نہیں ہے۔ وہ کل اکولہ میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ وَنچت بہوجن آگھاڑی نے اب تک 19 نشستوں کیلئے اُمیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کی بقیہ نشستوں سے متعلق فیصلہ آئندہ دو دِنوں میں کیا جائے گا۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رہنما امول کیرتیکر سے کل انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ED) کے دفتر میں آٹھ گھنٹے پوچھ تاچھ ہوئی۔ ممبئی میونسپل کارپوریشن کے مبینہ کھچڑی گھوٹالے کے معاملے میں ای ڈی نے انھیں گذشتہ 25 تاریخ کو سمن بھیجا تھا۔ دریں اثنا شیوسینا ٹھاکرے گروپ نے امول کیرتیکر کو پارلیمانی انتخاب میں اپنا اُمیدوار بنایا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے کہا ہے کہ مراٹھا سماج نے پارلیمنٹ کے عام انتخابات میں کسی کو اُمیدواری یا حمایت نہیں دی ہے۔ ریزرویشن کیلئے قریبی رشتہ داروں کے متعلق مطالبہ کا جو بھی سیاسی جماعت حمایت کرے گی' مراٹھا سماج اسی جماعت کے امیدواروں کی حمایت کرے گا۔ ناسک ضلع کے سِنّر تعلقے کے پانگری میں مراٹھا سماج کے اجلاس کے بعد وہ نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ 57 لاکھ کُنبی اندراج پائے جانے کے بعد بھی انھیں OBC زمرے سے ریزرویشن فراہم نہیں کیا گیا، لہٰذا مراٹھا سماج کو او بی سی زمرے سے ہی ریزرویشن دینے کے مطالبہ پر اب بھی قائم رہنے کی وضاحت بھی جرانگے پاٹل نے کی۔

***** ***** *****

سامعین! پارلیمانی انتخابات کے ضمن میں ''لوک نر نئے مہاراشٹراچا'' پروگرام آکاشوانی نے شروع کیا ہے۔ اس پروگرام کے آج کے نشریہ میں ناندیڑ پارلیمانی حلقہ کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔ شام سوا سات بجے یہ پروگرام سُنا جا سکے گا۔

***** ***** *****

نیشنل کونسل آف ایجوکیشن ریسرچ اینڈ ٹریننگ NCERT نے اپنے تعلیمی مواد کے مالکانہ حقوق سے متعلق احکامات جاری کیے ہیں، اگر کوئی شخص یا تنظیم بغیر اجازت NCERT کی نصابی کتب کاروباری استعمال کیلئے شائع کرتے ہیں تو ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

ہندو کیلنڈر کے مطابق آج یعنی گڑی پاڑوا سے نئے سال کی شروعات ہو رہی ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل چندر پور میں جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے عوام کو مراٹھی میں گڑی پاڑوا کی مبارکباد دی۔ صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو اور ریاستی گورنر رمیش بَیس نے گڑی پاڑوا اور مراٹھی نئے سال کے موقع پر ریاست کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں گلمنڈی علاقے میں ہر سال گڑی کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ آج صبح نو بجے شیوسینا رہنما چندرکانت کھیرے کے ہاتھوں گڑی پوجا کی جائے گی۔ دریں اثناگڑی پاڑوا کیلئے بازار سج گئے ہیں۔

***** ***** *****

رمضان عید اور ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کی یومِ پیدائش کے موقع پر خریداری کیلئے پربھنی کے بازاروں میں گاہکوں کی بھیڑ ہو رہی ہے۔ خصوصی طور پر کپڑے، زیورات، عطریات اور خشک میوہ جات کی دُکانوں میں خریداروں کی بھیڑ ہونے کی خبر ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

کل شام شوال کا چاند دکھائی دینے پر پرسوں عید الفطر متوقع ہے۔

***** ***** *****

لاتور میں کل ''میرا ایک دِن رائے دہندگان کی بیداری کیلئے'' سرگرمی انجام دی گئی۔ ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں میں بیک وقت رائے دہندگان بیداری ریلیوں کا انعقاد کیا گیا اور تقریباً ڈھائی لاکھ خاندانوں تک رائے دہی سے متعلق بیداری کا پیغام پہنچایا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے کے دیہی اور شہری علاقوں میں کل رائے دہی سے متعلق اسکولی طلباء کی عوامی بیداری ریلی نکالی گئی۔ اس ریلی میں شریک طلباء نے شہریوں کو اپنا حقِ رائے دہی ادا کرنے کا پیغام دیا۔

***** ***** *****

بیڑ میں واقع سنسکار اسکول میں کل رنگولی مقابلہ منعقد ہوا۔ اس موقع پر مقابلے کے شرکا نے رائے دہی کی اہمیت واضح کرنے والی 43 مختلف رنگولیاں تیار کیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ پارلیمانی حلقۂ انتخابات 2024 کی معلومات پر مبنی پارلیمنٹری ڈائریکٹری کی اشاعت کل ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ اس ڈائریکٹری میں 1951 سے 2019 کے ناندیڑ پارلیمانی حلقۂ انتخاب کے نتائج اور دیگر معلومات شامل ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھی وِگیان پریشد کی جانب سے دیا جانے والا وسنت راؤ نائیک زرعی پرتشٹھان ایوارڈ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے دھنے گاؤں کے کسان یگنیش وسنت کاتبنے کو دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ 10 ہزار روپے نقد اور توصیف نامے پر مشتمل یہ ایوارڈ کاتبنے کو آئندہ 28 تاریخ کو ممبئی میں دیا جائے گا۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن نے شہریوں کو چار دن کے وقفے یعنی پانچویں دن پانی فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میونسپل کارپوریشن انتظامیہ نے شہریوں سے بھی پانی کو کفایت شعاری سے استعمال کرنے اور پانی کے بے دریغ استعمال سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

انڈین پریمیر لیگ (IPL) کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل، چنئی سپر کنگز نے کولکتہ نائٹ رائیڈرز کو سات وکٹوں سے شکست دے دی۔ اس ٹورنامنٹ میں آج پنجاب کنگز اور سن رائزرز حیدرآباد کے درمیان مقابلہ ہوگا۔

***** ***** *****

پانی کی بڑھتی ضرورت اور لاتور شہر میں پیش آنے والی پانی کی قلت کو مدنظر رکھتے ہوئے لاتور میونسپل کارپوریشن نے آج سے شہریان کیلئے چار دنوں کے وقفے سے نلوں کے ذریعہ پانی فراہمی کا فیصلہ کیا ہے۔ لاتور شہر میں شہریان کو بیڑ ضلع کے کیج تعلقہ کے دھنے گاؤں کے مانجرا آبی منصوبہ سے پانی فراہمی کی جاتی ہے۔ اس سال بارش کی کمی کی وجہ سے اس آبی منصوبہ میں کافی پانی کا ذخیرہ نہیں ہے۔ لیکن پھر بھی پانی کا مناسب استعمال کر کے انہیں ہر پانچویں دن پانی فراہم کئے جانے کی اطلاع ہے۔ میونسپل کارپوریشن نے اپیل کی ہے کہ پانی ضائع نہ کریں۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کے مطابق آئندہ چار دنوں میں مراٹھواڑہ کے بیشتر اضلاع میں ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ میں ریاست کے 204 امیدوار، ہنگولی 33، ناندیڑ 23 جبکہ پربھنی میں 34 امیدوار انتخابی میدان میں۔
- ☆ وزیر اعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ کا سیاسی طور پر استعمال معاملہ میں افسران کو وجہ بتاؤ نوٹس۔
- ☆ قریبی رشتہ داروں اور او بی سی میں سے ریزرویشن دینے کا مطالبہ منوج جرانگے پاٹل نے دہرایا۔
- اور۔۔۔☆ آج گڑی پاڑوا کے موقع پر بازاروں میں ہجوم۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****